Complimentary Copy—Not For Sale

1

# New Get Ahead ENGLISH

with Teaching Notes



Based on Revised Pakistan National Curriculum

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# Contents


| Unit | | Page |
|---|---|---|
| | Introduction | iv |
| | Section I: Teaching Strategies | |
| 1 | Look and Say | 02 |
| 2 | The Alphabet | 04 |
| 3 | Beginning Letters/Sounds | 06 |
| 4 | Numbers, Colours, and Shapes | 08 |
| 5 | Animals, Birds, Fruits, and Vegetables | 10 |
| 6 | About Me | 12 |
| 7 | My World | 14 |
| 8 | Things around Us | 18 |
| 9 | Our Country | 20 |
| | Section II: Answer Keys | 22 |

# Introduction

The Teaching Guides for *New Get Ahead English* series provide guidelines for the teacher in the classroom.

This Teaching Guide includes:

- an introduction on how to approach *New Get Ahead English* in class.
- suggestions for pre-reading tasks or warm-ups to the main lesson.
- suggestions for teaching strategies to facilitate teachers while they teach the main lesson.
- suggested answers to the exercises in the textbook.

**How to Approach *New Get Ahead English***

To teach *New Get Ahead English* in a more constructive way, teachers are advised to make classrooms more stude nt-centered. Students are to be given a more active role in the classroom, be encouraged to present their thoughts and ideas confidently, and be instructed to respect differing opinions. In order to achieve this, teachers are to facilitate students so that they can take more responsibility for their learning journeys. The following summarizes the methodology with which all units of *New Get Ahead English* are to be approached to make a classroom more student-centered:

- Students are to be given a chance to work independently and collaboratively, i.e., in groups. Real-life examples should be discussed by teachers and students.
- Students are to be given tasks where they share opinions with each other and with the teacher. They should be encouraged to give reasons for their opinions.
- Teacher is to role-model the ideals of respect, collaboration, and active learning in the classroom. During group discussions, all students are to be encouraged to work together.
- Teacher is to facilitate students only when directions are needed; most of the time, students are to work on their own while reading, writing, and discussing the lessons in the specific units.

# تعارف

نیوگیٹ اہیڈ انگلش سیریز کے لیے تیارکردہ یہ رہنمائے اساتذہ کمرۂ جماعت میں استاد کی رہنمائی کرتی ہے۔
یہ رہنمائے اساتذہ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہے:

- تعارف کہ کمرۂ جماعت میں نیوگیٹ اہیڈ انگلش کو مؤثر طور پر کیسے پڑھایا جائے۔
- پڑھائی (سبق) شروع کرنے سے پہلے کے کاموں یا مرکزی سبق کے لیے بچوں کو تیار کرنے والی سرگرمیوں کی تجاویز
- مرکزی سبق کی تدریس کے دوران اساتذہ کی اعانت کے لیے تدریسی حکمت عملیوں کی تجاویز
- نصابی کتاب میں دی گئی مشقوں کے مجوزہ جوابات

## نیوگیٹ اہیڈ انگلش کی تدریس کیسے کی جائے

نیوگیٹ اہیڈ انگلش کی بہتر تعمیری انداز میں تدریس کے لیے اساتذہ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ طالب علم کو کمرۂ جماعت کا محور بنائیں۔ طلبا کو کمرۂ جماعت میں زیادہ فعال کردار دیا جائے، ان کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ اپنے خیالات اور تصورات کو اعتماد کے ساتھ پیش کرسکیں، نیز انھیں مخالف رائے کا احترام کرنا بھی سکھایا جائے۔ یہ تمام مقاصد حاصل کرنے کی غرض سے اساتذہ کے لیے ضروری ہے کہ طلبا کی معاونت کرتے ہوئے انھیں آسانیاں فراہم کریں تاکہ وہ زیادہ ذمہ داری کے ساتھ اپنا سفرِ آموزش طے کرسکیں۔ مندرجہ ذیل سطور میں ان تدریسی طریقوں کا خلاصہ کیا گیا ہے جن سے کام لیتے ہوئے کمرۂ جماعت کو زیادہ سے زیادہ طالب علم محور بنانے کے لیے نیوگیٹ اہیڈ انگلش کے تمام ابواب پڑھائے جائیں گے:

- طلبا کو آزادانہ اور اجتماعی طور پر یعنی گروپوں میں کام کرنے کا موقع فراہم کیا جائے۔ اساتذہ اور طلبا حقیقی زندگی سے مثالیں زیرِ بحث لائیں۔
- طلبا کو ایسے کام / ذمہ داریاں تفویض کی جائیں جنھیں انجام دیتے ہوئے وہ آپس میں، اور استاد کے ساتھ تبادلۂ خیال کرسکیں۔ طلبا کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ اپنی رائے یا خیالات کے پس پردہ وجوہ بیان کریں۔
- استاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ کمرۂ جماعت میں خود کو عزت و احترام، شرکت اور فعال آموزش کے بہترین نمونے یعنی آئیڈیل کے طور پر پیش کریں۔ گروپ کے مباحثوں کے دوران مل جل کر کام کرنے کے لیے طلبا کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- استاد کو طلبا کی معاونت صرف اس وقت کرنی ہے جب انھیں رہنمائی کی ضرورت ہو؛ پڑھتے، لکھتے اور مخصوص ابواب میں اسباق پر بحث کرتے ہوئے بیشتر وقت طلبا اپنے طور پر کام کریں گے۔

## Contents and Sequence of the Teaching Guide

The Teaching Guides for *New Get Ahead English* contain suggestions for starting a lesson and provide teaching strategies for each unit. The instructional model focuses on exploring background knowledge, where students are encouraged to participate actively.

### Recommended schedule for an active and student-centered classroom

| | |
|---|---|
| **Exploring background knowledge** | 5 minutes |
| **Discussion-based or activity-based learning** | 25 minutes |
| **Reflection/assessment** | 10 minutes |

The first part of each unit contains basic suggestions for taking the lesson forward in a constructive manner. The second part of the lesson contains answers to all questions present in the book. Students are to be encouraged to come up with their own answers and teachers can use this document to assess students' understanding and knowledge.

## رہنمائے اساتذہ کے مشتملات اور ترتیب

رہنمائے اساتذہ برائے نیوگیٹ اہیڈ انگلش سبق شروع کرنے کے لیے تجاویز پر مشتمل ہے اور ہر باب کے لیے تدریسی حکمت عملیاں بھی فراہم کرتی ہے۔ ہدایتی ماڈل کا مرکز ومحور پس پردہ معلومات کو کھنگالنا ہے جس میں طلبا کی سرگرم شرکت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

## ایک فعال اور طالب علم محور کمرۂ جماعت کے لیے سفارش کردہ ترتیب کار (شیڈول)

| | |
|---|---|
| پس پردہ معلومات کو کھنگالنا | 5منٹ |
| آموزش بذریعہ بات چیت یا سرگرمی | 25 منٹ |
| نتیجہ/ ماحصل | 10 منٹ |

ہر باب کا ابتدائی حصہ تعمیری انداز میں سبق کو آگے بڑھانے کے لیے بنیادی تجاویز پر مشتمل ہے۔ دوسرے حصے میں کتاب میں موجود تمام سوالات کے جوابات دیے گئے ہیں۔ طلبا کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ اپنے ذہن سے کام لیتے ہوئے جوابات دیں اور پھر استاد ان کی بنیاد پر طلبا کی تفہیم اور معلومات کی جانچ کرسکتے ہیں۔

## Section I: Teaching Strategies

# Look and Say

### Unit overview

In this unit, students will be introduced to pictures and they will practice what those images are called.

## Part 1: Suggestions for teaching strategies

### Words and meanings

Teacher will introduce the following words in the class with reference to the pictures in the book. Telephone, tray, ice-cream, car, bat, bus, radio, ball, cake, juice, X-ray, sun, jug, Pakistan's flag, lamp, egg, fried egg, gate, fish, kite, zebra, airplane, watch, elephant, queen, doll, apple, monkey, rocket, jar, key, newspaper, nest

### Start acting

Teacher to demonstrate how to act out words so students can associate those actions with the vocabulary that they learn. Ask all students to stand up together; teacher will act out the way a person attends a phone to make students learn the word telephone. Students will repeat the word telephone along with imitating the gestures used by the teacher. Similarly, teacher will act as if she is carrying a tray while making students practice saying 'tray'. In the same way, teacher will act out the rest of the words and students will act out and practice saying those words after the teacher.

### A walk in the garden

Teacher to take students out in a garden nearby. It can be the school garden. Introduce students to vocabulary related to garden such as grass, swings, insect, flowers, trees, plants, leaves, stem, and roots. Teacher to ensure that students see all these things in the gardens. Teacher to let students play for a little while, before gathering them again and introducing words jump, kick, climb, call, walk, play, ball, and run.

### Assessment:

Assessment is informal at this stage. Teacher to group students into smaller groups of two to three students. Randomly allocate at least four words to each group, then ask students to act out and say the names of those things that have been allocated to them. At the end of the lesson, teacher will repeat the vocabulary students were not able to recall.

# دیکھو اور بولو

## باب کا مختصر تعارف

اس باب میں طلبا کو تصویروں سے متعارف کرایا جائے گا اور وہ مشق کریں گے کہ یہ تصاویر کیا کہلاتی ہیں؟

## پہلا حصہ: تدریسی حکمت عملیوں کے لیے تجاویز

### الفاظ اور معانی

استاد کتاب میں سے تصاویر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل الفاظ متعارف کرائیں۔طلبا استاد کے ساتھ ساتھ پڑھیں گے۔ استاد بچوں کو ہر لفظ کی چار سے پانچ بار مشق کرائیں۔

Telephone, tray, ice-cream, car, bat, bus, radio, ball, cake, juice, X-ray, sun, jug, Pakistan's flag, lamp, car, egg, fried egg, gate, fish, kite, zebra, airplane, watch, elephant, queen, doll, apple, monkey, rocket, jar, key, newspaper, nest

### اداکاری کرنا

استاد عملی مظاہرے کے ذریعے دکھائیں کہ الفاظ کو جسمانی حرکات وسکنات میں کیسے ڈھالا جائے تا کہ طلبا ان جسمانی اشاروں کا تعلق سیکھے جانے والے الفاظ کے ساتھ جوڑ سکیں۔ تمام طلبا سے کہیے کہ مل کر کھڑے ہوجائیں؛ اب استاد ٹیلی فون سننے والے فرد کی اداکاری کرے، اس طرح طلبا لفظ 'ٹیلی فون' سیکھ جائیں گے۔طلبا استاد کی جسمانی حرکات وسکنات کی نقل کرنے کے ساتھ ساتھ لفظ ٹیلی فون دہرائیں گے۔ اب استاد اس طرح اداکاری کریں جیسے وہ ہاتھوں میں طشتری (ٹرے) اٹھائے ہوئے ہیں، ساتھ ساتھ وہ طلبا سے لفظ 'ٹرے' ادا کرنے کی مشق کروائیں۔ اسی انداز میں استاد باقی تمام الفاظ کی اداکاری کریں گے اور طلبا ان کی نقل کرتے ہوئے ان کے ساتھ ساتھ یہ الفاظ دہرائیں گے۔

### باغیچے کی سیر

استاد طلبا کو قریبی باغیچے میں لے جائیں۔ یہ اسکول کا باغیچہ بھی ہوسکتا ہے۔طلبا کو باغیچے سے متعلق ذخیرۂ الفاظ جیسے grass (گھاس)، swings (جھولے)، insect (کیڑے مکوڑے)، flowers (پھول)، trees (درخت)، plants (پودے)، leaves (پتے)، stem (تنا) اور roots (جڑیں) سے متعارف کرائیں۔ استاد اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبا باغیچے میں یہ تمام چیزیں دیکھ لیں۔ استاد طلبا کو کچھ وقت تک کھیلنے دیں اور پھر انھیں دوبارہ جمع کر کے jump (چھلانگ)، kick (ٹھوکر)، climb (چڑھنا)، call (بلاوا)، walk (پیدل چلنا)، play (کھیلنا)، ball (گیند) اور run (دوڑنا) متعارف کرائیں۔

### جانچ

اس مرحلے پر جانچ کا عمل غیررسمی ہوگا۔ استاد دو یا تین طلبا پر مشتمل گروپ بنادیں۔ ہر گروپ کو کوئی سے بھی کم از کم چار الفاظ دے دیں۔ اب طلبا سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کی اداکاری کریں اور انھیں جو اشیا (الفاظ) تفویض کی گئی ہیں ان کے نام پکاریں۔سبق کے اختتام پر استاد ان الفاظ کو دہرائیں گے جو طلبا کو یاد نہ آسکے۔

# The Alphabet

### Unit overview

In this unit, students will be introduced to alphabets, sounds of alphabets, and will practise writing all alphabets in capital and small letters.

## Part 1: Suggestions for teaching strategies

### Introducing letters

Teacher to introduce students to letters. See pages 8 to 14 in your book.

### Practising sounds

Teacher to introduce sounds of each letter. Educationist Tim Seldin has advised to use the following order to introduce sounds. Teacher to introduce and make students practise the sound without showing them or writing the letters. Teacher to pronounce the sound of each letter; for example instead of saying 'c', the teacher says its sound the way that the sound is used in the words 'cat' and 'cattle'. Similarly, instead of saying 'm' the teacher should only use the sound of 'm' the way it is used in mum, mother, Miranda. Students to practise along with the teacher. Teacher to introduce sounds of all alphabets in the same way.

**First set: c m a t**

**Second set: s r i p**

**Third set: b f o g**

**Fourth set: h j u l**

**Fifth set: d w e n**

**Sixth set: k q v x y z**

### Writing letters

Students to practise writing letters. See pages 8 to 16. Teacher will help and guide students to practise writing the letters.

## Part 2: Answer key

Teacher to help students recall the vocabulary they have learnt in Unit 1. See pages 17 and 18. Remind students of the English words for all the given images. Then help students to write specific letters which are relevant to each image.

# حروفِ تہجی

## باب کا مختصر جائزہ

اس باب میں طلبا کو حروف تہجی اور ان کی آوازوں سے متعارف کرایا جائے گا، علاوہ ازیں وہ تمام حروف تہجی کو چھوٹی اور بڑی شکل میں لکھنے کی مشق بھی کریں گے۔

## پہلا حصہ : تدریسی حکمت عملیوں کے لیے تجاویز

### حروف کا تعارف

استاد طلبا کو حروف سے متعارف کرائیں۔ اپنی کتاب کا صفحہ 8 تا 14 دیکھیں۔

### آوازوں کی مشق کرنا

استاد ہر حرف کی آواز متعارف کرائیں۔ ماہر تعلیم ٹم سیلڈن نے آوازیں متعارف کروانے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل ترتیب پر عمل کرنے کی سفارش کی ہے۔ استاد طلبا کو حروف دکھائے یا لکھے بغیر انھیں حروف کی آوازوں سے متعارف کروائیں اور مشق کروائیں۔ استاد ہر حرف کی آواز ادا کریں؛ مثال کے طور پر c ( سی ) کہنے کے بجائے استاد اس حرف کی وہ آواز نکالیں جو لفظ cat اور cattle ادا کرتے ہوئے نکلتی ہے۔ اسی طرح m ( ایم ) کہنے کے بجائے استاد m کی وہ آواز نکالیں جو Miranda, mother,mum وغیرہ بولتے ہوئے نکلتی ہے۔ طلبا استاد کے ساتھ مشق کریں۔ استاد اسی انداز سے تمام حروف تہجی کی آوازیں متعارف کرائیں۔

- پہلا سیٹ: c m a t
- دوسرا سیٹ: s r i p
- تیسرا سیٹ: b f o g
- چوتھا سیٹ: h j u l
- پانچواں سیٹ: d w e n
- چھٹا سیٹ: k q v x y z

### حروف لکھنا

طلبا حروف لکھنے کی مشق کریں۔ صفحہ 8 تا 16 دیکھیں۔ استاد حروف لکھنے کی مشق میں طلبا کی مدد اور رہنمائی کریں گے۔

## دوسرا حصہ (جوابات)

استاد ان الفاظ کو دہرانے میں طلبا کی مدد کریں جو کہ انھوں نے یونٹ ۱ میں سیکھے تھے۔ صفحہ 17 اور 18 دیکھیے۔ طلبا کو تصاویر سے متعلق تمام الفاظ یاد دلائیں۔ تصویروں سے متعلق حروف لکھنے میں طلبا کی مدد کریں۔

# Beginning Letters / Sounds

### Unit overview

In this unit, students will identify letters and match them to the respective objects.

## Part 1: Suggestions for teaching strategies

### Introducing letters

For this activity, teacher will make lettercards. Take a coloured chart paper. Cut the chart paper into different cards. Now, write all letters from a to z on to those cards. Take all the cards to the class, then ask students to identify pictures on page 19 and practice their sounds with the help of those cards. To practise further, have students stand in a line at the front of the class. Give each student a flashcard (you may give one card to two students). Call out a key word from page 19 and page 22 of the textbook. The student with the corresponding card having the letter's initial sound will come forward and everyone will repeat after the teacher.

### Line up

Teacher to create more letter cards and use all of the letter cards to practise their sound with the students. Have students look at page 22 of the textbook. Give each student one letter card, then call out a word (from the vocabulary students have learnt earlier). Pronounce the word in a way that sounds of various letters are audible. The student having the appropriate lettercard will line up to spell the word. Each student shows their card to the entire class and says their card's sound.

### Identifying spelling

Divide students to work in pairs. Allocate two words to each pair and distribute the letter cards among students. Ask students to recreate all the spellings they have learnt on page 22 by arranging the lettercards. Students can have their book in front of them and tally the correct spelling from it.

# ابتدائی حروف/ آوازیں

## باب کا مختصر جائزہ

اس باب میں طلبا حروف کی شناخت کریں گے اور حروف کو ان کی متعلقہ اشیا سے ملائیں گے۔

## پہلا حصہ: تدریسی حکمت عملیوں کے لیے تجاویز

### حروف متعارف کرانا

اس سرگرمی کے لیے استاد حروف تہجی کے کارڈ (لیٹر کارڈز) بنائیں گے۔ ایک رنگین چارٹ پیپر لے کر اسے مختلف کارڈز میں کاٹ لیں۔ اب ان کارڈز پر A سے Z تک حروف تہجی لکھ لیں۔ سارے کارڈز کلاس میں لے کر آئیں اور طلبا سے کہیں کہ صفحہ 19 پر دی گئی تصاویر کو پہچانیں اور ان کارڈز کی مدد سے ان کی آواز نکالنے کی مشق کریں۔ مزید مشق کے لیے طلبا کو کلاس کے سامنے ایک قطار میں کھڑا کرلیں۔ ہر طالب علم کو ایک فلیش کارڈ دیں (آپ دو طلبا کو ایک کارڈ بھی دے سکتے ہیں)۔ نصابی کتاب کے صفحہ 19 اور 22 سے کوئی کلیدی لفظ پکاریں۔ استاد کی پکار سنتے ہی اس حرف کی ابتدائی آواز والے کارڈ کا حامل طالب علم آگے آجائے گا اور ہر طالب علم استاد کے ساتھ ساتھ دہرائے گا۔

### قطار بنانا

استاد مزید حرفی کارڈز بنائیں اور طلبا کو تمام کارڈز پر درج حروف کی آواز نکالنے کی مشق کرائیں۔ طلبا سے کہیں کہ نصابی کتاب کا صفحہ 22 دیکھیں۔ ہر طالب علم کو ایک حرفی کارڈ دے دیں اور پھر (ان الفاظ میں سے جو طلبا قبل ازیں سیکھ چکے ہیں) ایک لفظ پکاریں۔ لفظ کو اس طرح ادا کریں کہ مختلف حروف کی آوازیں سنائی دے سکیں۔ متعلقہ حرفی کارڈ کا حامل طالب علم قطار میں کھڑا ہوجائے گا اور لفظ کے ہجے کرے گا۔ ہر طالب علم پوری کلاس کو اپنا کارڈ دکھائے اور اپنے کارڈ پر درج حرف کی آواز پکارے۔

### ہجوں کی شناخت کرنا

طلبا کو جوڑیاں بنا کر کام کرنے کی ہدایت کردیجیے۔ ہر جوڑی کو دو الفاظ تفویض کرتے ہوئے طلبا میں حرفی کارڈز تقسیم کردیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ حرفی کارڈز کو ترتیب دیتے ہوئے تمام ہجے دوبارہ تشکیل دیں جو وہ صفحہ 22 پر سیکھ چکے ہیں۔ طلبا اپنی کتاب سامنے رکھ سکتے ہیں اور اس میں سے درست ہجے دیکھ سکتے ہیں۔

# Numbers, Colours, and Shapes

### Unit overview

In this unit, students will be introduced to numbers, colours, and shapes of different objects.

## Part 1: Suggestions for teaching strategies

### Lets count

Teacher to help students count from 1 to 10. Help the children to count the objects as they read each number aloud on page 29 of the textbook. As an extra activity, give number cards from 1 to 10 to any ten students. Then, call out numbers randomly, and students can raise the corresponding number card. Others can help to check if the correct number card is being raised. Repeat this activity so that all students get a chance.

### Let's spell our name

Explain to the students that they are going to begin to learn the English letters that make up their names.  Show the children a few written names, slowly reading and pointing at the letters from left to right. Ask them to repeat after you. Practice a few times.

Phonic patterns should also be introduced. The phonemes in the phonic words should first be sounded out (e.g. A-i-sh-a) and then blended as a whole word (e.g. Aisha) and (e.g. Sh-ee-m-a).

As an activity ask each student to identify the first letter of their name.

### Lets colour

Teacher to introduce the colours on page 35. Students to identify those colours in the things that they see around. For example, teacher will help students to identify the colour of the class board, desk, their shoes, their pencil, chalk, etc. Students to draw an image of their classroom and colour it. They can use different colours. However, teacher to ensure that as a class, students can identify primary and secondary colours.

# اعداد، رنگ اور اشکال

## باب کا مختصر جائزہ

اس باب میں طلبا کو اعداد، رنگوں اور مختلف چیزوں کی اشکال سے متعارف کرایا جائے گا۔

## پہلا حصہ : تدریسی حکمت عملیوں کے لیے تجاویز

### آؤ گنیں

استاد 1 سے 10 تک گننے میں طلبا کی مدد کریں۔ طلبا نصابی کتاب کے صفحہ 29 سے عدد پڑھیں اور ساتھ ساتھ اشیا بھی گنتے جائیں، استاد ان کی مدد کریں۔ اضافی سرگرمی کے طور پر کسی بھی دس طلبا کو 1 سے 10 تک عددی کارڈز دے دیجیے۔ بعدازاں بے ترتیبی سے عدد پکاریں، آواز سنتے ہی طلبا اس عدد والا کارڈ بلند کرسکتے ہیں۔ دوسرے طلبا یہ یقینی بنانے میں معاون ہوسکتے ہیں کہ درست عدد والا کارڈ بلند کیا گیا ہے۔ یہ سرگرمی جاری رکھیں یہاں تک کہ تمام طلبا کو موقع مل جائے۔

### آؤ اپنے نام کے ہجے کریں

طلبا سے کہیے کہ اب وہ انگریزی کے حروف پڑھیں گے جن کے ملنے سے ان کے نام تشکیل پاتے ہیں۔ طلبا کو چند لکھے ہوئے نام دکھایئے، اور آہستگی کے ساتھ پڑھتے ہوئے بائیں سے دائیں جانب حروف کی طرف اشارے بھی کرتے جایئے۔ طلبا کو اپنے ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت کردیجیے۔ چند مرتبہ مشق کیجیے۔

الفاظ کی صوتی ترجمانی/ادائیگی کے طریقے (Phonic patterns) متعارف کرائے جائیں۔ صوتی الفاظ میں صوتیے (phonemes) پہلے ادا کیے جائیں (مثلاً A-i-sh-a) اور پھر ملا کر پورا لفظ پڑھا جائے (مثلاً Aisha) اور (مثلاً Sh-ee-m-a)۔

سرگرمی کے طور پر ہر طالب علم سے کہیے کہ وہ اپنے نام کا پہلا حرف بتائے۔

### آؤ رنگ بھریں

استاد صفحہ 35 سے رنگ متعارف کرائیں۔ طلبا اپنے اردگرد نظر آنے والی اشیا میں ان رنگوں کو پہچانیں گے۔ مثال کے طور پر استاد، کلاس بورڈ، ڈیسک، بچوں کے جوتے، پنسل، چاک وغیرہ کے رنگ پہچاننے میں طلبا کی مدد کریں۔ طلبا اپنے کمرۂ جماعت کا خاکہ بنا کر رنگ بھریں۔ وہ مختلف رنگ استعمال کرسکتے ہیں۔ بہرحال، استاد اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبا بہ طور جماعت ابتدائی اور ثانوی رنگوں کی شناخت کرسکیں۔

# Animals, Birds, Fruits, and Vegetables

### Unit overview

In this unit, students will be introduced to the names of animals, fruits, and vegetables.

## Part 1: Suggestions for teaching strategies

### Listen, point, and repeat

Teacher to start the lesson by talking about the common animals students see around. Teacher will introduce the names of animals like dog, cat, sheep, goat, cow, buffalo, etc. Students to be asked to go to pages 41 and 42. Teacher and students would point to the pictures and say the corresponding words aloud. Practise till students get to know the words with reference to their images.

### Draw and colour

Teacher to let students draw their favourite fruit, bird, and vegetable. They can colour them and show their work to everyone. Teacher to appreciate the effort.

### Give reasons

Ask children to name their favourite fruit, vegetable, bird, and animal and say why they like them. Help the children to read and write the names of the fruits, vegetables, birds, and animals in their books. Ask the children to say a few words or sentences about them. They can talk about their likes and dislikes and also give reasons for their answers.

# جانور، پرندے، پھل اور سبزیاں

## باب کا مختصر جائزہ

اس باب میں طلبا کو جانوروں، پھلوں اور سبزیوں کے ناموں سے متعارف کرایا جائے گا۔

## پہلا حصہ: تدریسی حکمت عملیوں کے لیے تجاویز

### سُننا، اشارہ کرنا، اور دہرانا

استاد سبق کا آغاز ان عام جانوروں کے بارے میں گفتگو سے کریں جنھیں طلبا اپنے اطراف دیکھتے ہیں۔ استاد کتا، بلی، بھیڑ، بکری، بھینس وغیرہ جیسے جانوروں کے نام متعارف کرائیں۔ طلبا کو صفحہ 41 اور 42 دیکھنے کی ہدایت کردی جائے۔ استاد اور طلبا تصویروں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے متعلقہ الفاظ بلند آواز سے ادا کریں گے۔ اس وقت تک مشق کریں جب تک طلبا الفاظ کو ان کی متعلقہ تصویروں کے حوالے سے نہ جان جائیں۔

### شکل بنائیں اور رنگ بھریں

استاد طلبا سے کہیں کہ اپنے پسندیدہ پھل، پرندے، اور سبزی کی شکل بنائیں۔ وہ ان تصویروں میں رنگ بھرنے کے بعد اپنا کام ہر ایک کو دکھا سکتے ہیں۔ استاد اس کوشش پر طلبا کی حوصلہ افزائی کریں۔

### وجوہ بیان کرنا

طلبا سے کہیے کہ اپنے پسندیدہ پھل، سبزی، پرندے اور جانور کا نام بتائیں اور یہ بھی بیان کریں کہ وہ انھیں کیوں پسند کرتے ہیں۔ طلبا کو ان کی کتابوں میں سے پھل، سبزیوں، پرندوں اور جانوروں کے نام پڑھنے اور لکھنے میں مدد کیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ ان کے بارے میں چند الفاظ یا جملے کہیں۔ وہ اپنی پسند اور ناپسند کے بارے میں گفتگو کرسکتے ہیں اور اپنے جوابات کے پس پردہ وجوہ بھی بیان کرسکتے ہیں۔

# About Me

### Unit overview

In this unit, students will study about body parts, demonstrative pronouns, habits, and personal preferences.

## Part 1: Suggestions for teaching strategies

### Act it out!

Teacher to point to the body parts and call out their names as given on page 49. Students to repeat after teacher. When teacher has practised with students enough times and it seems that students have learnt the body parts, just point to the body part without saying its name and let students call out the name of that body part.

### Facts about my class

Teacher to introduce the following pronouns 'this, that, these, those' and illustrate their use.

Teacher to point out specific nearby objects in class to demonstrate the use of 'this'. 'This is a pen', 'this is a pencil', 'this is a board', 'this is a bag'. Ask students to repeat after you, and explain that the word 'this' is used for a specific and singular object. Students to repeat after teacher. Teacher to use more examples from surroundings to expand this activity.

For specific and plural objects we use 'these'. Teacher to demonstrate the use of 'these'. For example, 'these are my pens', 'these are Aslam's colour pencils', 'these are my pencil and eraser'. Students to repeat after teacher. Teacher to use more examples from surroundings to expand this activity.

Teacher to explain that the word 'that' is used when we talk about something that is far away. For example, 'that bag belongs to Asma', 'that book belongs to Tariq'. Students to repeat after teacher. Teacher to use more examples from surroundings to expand this activity.

### Describing yourself

Teacher to divide students into pairs. Each pair will read page 55 of the textbook together to know about Fatima's routine. Teacher to encourage students to share their daily routine by asking questions like, 'what do you do after going home from school', 'what do you like to do in your free time?' Ask students to share their activities with their partner.

# میرے بارے میں

## باب کا مختصر جائزہ

اس باب میں طلبا جسمانی اعضا یا حصوں، اسم ضمیر اشاری، عادات اور ذاتی ترجیحات کے بارے میں پڑھیں گے۔

## پہلا حصہ: تدریسی حکمت عملیوں کے لیے تجاویز

### اداکاری کرنا

استاد جسم کے حصوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے ان کے نام پکاریں گے جیسا کہ صفحہ 49 پر دیا گیا ہے۔ طلبا استاد کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔ جب استاد طلبا کے ساتھ خاصی مشق کر چکیں اور یوں معلوم ہو رہا ہو کہ طلبا جسمانی حصوں کے نام سیکھ گئے ہیں تو پھر بغیر نام لیے جسمانی حصے یا عضو کی طرف اشارہ کریں اور طلبا کو اس (عضو) کا نام لینے دیں۔

### میری جماعت کے بارے میں حقائق

استاد مندرجہ ذیل اسم ضمائر this, that, these, those متعارف کرائیں اور تصویری خاکوں کی مدد سے ان کے استعمال کی وضاحت بھی کریں۔

استاد this کے استعمال کی وضاحت کرنے کے لیے کمرۂ جماعت میں موجود مخصوص قریبی اشیا کی جانب اشارہ کریں۔
This is a pen (یہ ایک قلم ہے)، this is a pencil (یہ ایک پینسل ہے)، this is a board (یہ ایک بورڈ ہے)، this is a bag (یہ ایک تھیلا ہے) طلبا کو اپنے ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت کر دیجیے، اور وضاحت کیجیے کہ this کا استعمال مخصوص اور واحد چیزوں کے لیے کیا جاتا ہے۔ طلبا استاد کے ساتھ دہرائیں گے۔ استاد اس سرگرمی کو وسعت دینے کے لیے اردگرد سے مزید مثالوں سے کام لیں۔ مخصوص اور ایک سے زائد اشیا کے لیے ہم these کا استعمال کرتے ہیں۔ استاد these کے استعمال کا عملی مظاہرہ کریں۔ مثال کے طور پر these are my pens (یہ میرے قلم ہیں)، these are Aslam's colour pencils (یہ اسلم کی رنگین پینسلیں ہیں)، these are my pencil and eraser (یہ میری پینسل اور ربڑ ہیں۔) طلبا استاد کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔ استاد اس سرگرمی کو وسعت دینے کے لیے اردگرد سے مزید مثالوں سے کام لیں۔
استاد واضح کریں کہ لفظ that اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب ہم دور موجود اشیا کے بارے میں بات کر رہے ہوں۔ مثال کے طور پر that bag belongs to Asma (وہ بیگ عاصمہ کا ہے)، that book belongs to Tariq (وہ کتاب طارق کی ہے۔) طلبا استاد کے ساتھ ساتھ دہرائیں گے۔ استاد اس سرگرمی کو وسعت دینے کے لیے قرب و جوار سے مزید مثالیں دیں۔

### اپنی شخصیت کو بیان کرنا

استاد طلبا کی جوڑیاں بنا دیں۔ ہر جوڑی فاطمہ کے معمولات کے بارے میں جاننے کے لیے مل کر نصابی کتاب کا صفحہ 55 پڑھے گی۔ استاد اس طرح کے سوالات 'اسکول سے گھر جانے کے بعد آپ کیا کرتے ہیں؟'، 'آپ کو فارغ وقت میں کیا کرنا اچھا لگتا ہے؟' پوچھتے ہوئے طلبا کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنا روزمرہ معمول بیان کریں۔ طلبا سے کہیے کہ اپنی سرگرمیوں کے بارے میں اپنے ساتھی کو بتائیں۔

# My World

### Unit overview

In this unit, students will be introduced to vocabulary related to family members and learn how to describe their surroundings.

## Part 1: Suggestions for teaching strategies

### Class discussion

In the next class, request students to bring a family photo and share information about their family members with their friends. They need to talk about who is in the picture and why have they selected that picture. Teacher to encourage group work. Students to be divided into groups (there can be four students in one group). Ask them to describe their family photos to each other. Teacher to observe and help the groups to discuss the photos.

### Vocabulary

Teacher to introduce vocabulary related to relations ‘grandfather’, ‘grandmother’, ‘sister’, ‘mother’, ‘father’, ‘brother’, ‘uncle’, ‘aunty’, and ‘cousin’. If your students respond well to this set of words and learn quickly, you may introduce the concept of paternal and maternal relationships. Ask students to answer the following questions.

- How many people live in my home?
- How many people are there in my family?
- My favourite family member is ____________

Students to share their answers with one partner.

### Describing the favourite family member

Teacher to introduce the following adjectives and their meanings to the class.

Kind, caring, nice, forgiving, loving, honest, gentle, thoughtful, and fun

When students know these words and their meanings, help them to write a few sentences about their favourite family member. Write the following on the board.

# میری دنیا

## باب کا مختصر جائزہ

اس باب میں طلبا کو اہل خانہ سے متعلق ذخیرۂ الفاظ سے متعارف کرایا جائے گا نیز طلبا سیکھیں گے کہ اپنے قرب و جوار کو کیسے بیان کیا جائے۔

## پہلا حصہ: تدریسی حکمت عملیوں کے لیے تجاویز

### کمرۂ جماعت کی بحث

طلبا سے کہیے کہ اگلی کلاس یا پیریڈ میں وہ اہل خانہ کی تصویر (فیملی فوٹو) لے کر آئیں اور اپنے دوستوں کو اپنے گھر کے افراد کے بارے میں بتائیں۔ طلبا اس بارے میں بتائیں گے کہ تصویر میں کون کون ہے اور انھوں نے کیوں اس تصویر کا انتخاب کیا ہے۔ استاد گروپ بنا کر کام کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبا کے گروپ بنادیے جائیں (ایک گروپ میں چار طالب علم ہوسکتے ہیں۔) طلبا سے کہیے کہ وہ ایک دوسرے کو اپنے اپنے فیملی فوٹو کے بارے میں بتائیں۔ استاد مشاہدہ کریں اور تصاویر پر بحث کرنے میں گروپوں کی مدد کریں۔

### ذخیرۂ الفاظ

استاد دادا نانا، دادی نانی، بہن، امی، بھائی، انکل (چچا ماموں پھوپھا تایا)، آنٹی (چچی، ممانی، پھوپھی، تائی) کزن (چچازاد، ماموں زاد وغیرہ) جیسے رشتوں سے متعلق ذخیرۂ الفاظ متعارف کرائیں۔ اگر آپ کے طلبا الفاظ کے اس مجموعے پر اچھا ردعمل ظاہر کرتے ہیں اور تیزی سے سیکھ جاتے ہیں تو پھر آپ پدری اور مادری رشتوں کا تصور متعارف کراسکتے ہیں۔ طلبا سے کہیے کہ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

- میرے گھر میں کتنے افراد رہتے ہیں؟
- میرے خاندان میں کتنے لوگ ہیں؟
- گھر میں میرا پسندیدہ فرد ____________ ہے۔
- طلبا اپنے ایک ساتھی کو جوابات بتائیں۔

## گھر میں اپنے پسندیدہ فرد کے بارے میں بیان کریں

استاد کلاس میں مندرجہ ذیل اسمائے صفت اور ان کے معانی متعارف کرائیں۔

Kind (رحم دل)، caring (خیال رکھنے والا)، nice (عمدہ)، forgiving (معاف کرنے والا)، loving (پیار کرنے والا)، honest (دیانت دار)، gentle (شریف، ملنسار)، thoughtful (بامروت)، اور fun (پُرشوق)

جب طلبا ان الفاظ اور ان کے معانی جان لیں تو پھر اپنے اہل خانہ کے بارے میں چند جملے لکھنے میں ان کی مدد کیجیے۔ بورڈ پر مندرجہ ذیل جملے تحریر کردیجیے۔

My favourite family member is my ____________.

His / her name is ___________________.

He / she is ___________, because __________________________.

Students to select an adjective themselves and describe it in one or two words.

میرے اہل خانہ میں مجھے سب سے زیادہ ____________ پسند ہیں۔

ان کا نام ____________ ہے۔

وہ ____________ ہیں، کیوں کہ ____________۔

طلبا اپنے طور پر ایک اسم صفت منتخب کرتے ہوئے ایک یا دو الفاظ میں اسے بیان کریں۔

# Things around Us

### Unit overview

In this unit, students will be introduced to the basics of description. They will be introduced to adjectives that will help in the description.

## Part 1: Suggestions for teaching strategies

### Describing my classroom

Teacher to introduce the following adjectives with their meanings: clean, dirty, big, small, rough, fine, hot, cold, sad, happy, colourful, colourless, simple, and decent.

Teacher to assist students in comprehension of these adjectives by using these adjectives in the context of their classroom. For example, 'my classroom is clean', 'this place is dirty', 'this is a big school', 'the teacher's chair is big', 'student's chairs are small'. Similarly, use all the words in sentences and ask students to repeat after you. Teacher to ensure that only those sentences are used in the class that are known to the students.

### Describing my belongings

Teacher to involve students in more activities about adjectives to further reinforce this concept, ask the children to take out any two things from their bag and give three describing words for each object. They can share their list with their friend. Example: a book – big, thick, colourful; a bag – heavy, green, big.

### Story time

Teacher to ask all students to take a look at page 72 of their book. Teacher to ask students to look at the picture first and then ask what the picture makes them think of. Take a few responses from the class. Teacher to read the story with expression. While reading, pause to ask a few simple questions. For example:

- What do you think the boy will do with the bag?
- Did he do the right thing?
- What is the moral of the story?

Encourage students to share their answers.

# ہمارے اطراف موجود اشیا

## باب کا مختصر جائزہ

اس باب میں طلبا کو بیان یا بیانیہ تحریر کی بنیادی باتوں سے متعارف کرایا جائے گا۔ وہ اسمائے صفت کے بارے میں جانیں گے جو بیان لکھنے میں معاون ہوں گے۔

## پہلا حصہ: تدریسی حکمت عملیوں کے لیے تجاویز

### اپنے کمرۂ جماعت کو بیان کرنا

استاد مندرجہ ذیل اسمائے صفت اور ان کے معانی متعارف کرائیں: clean (صاف ستھرا)، dirty (گندا)، big (بڑا)، small (چھوٹا)، rough (کھردرا)، fine (اچھا، عمدہ)، hot (گرم)، cold (ٹھنڈا، سرد)، sad (افسردہ)، happy (خوش)، colourful (رنگین)، simple (سادہ)، اور decent (شائستہ، معقول)۔

استاد ان اسمائے صفت کو کمرۂ جماعت کے سیاق و سباق میں استعمال کرتے ہوئے انھیں سمجھنے میں طلبا کی مدد کریں۔ مثال کے طور پر my classroom is clean (میرا کمرۂ جماعت صاف ستھرا ہے)، this place is dirty (یہ جگہ گندی ہے)، this is a big school (یہ ایک بڑا اسکول ہے)، the teacher's chair is big (استاد کی کرسی بڑی ہے)، student's chairs are small (طلبا کی کرسیاں چھوٹی ہیں)۔ اسی دوسرے تمام الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے اور طلبا کو اپنے ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت کردیجیے۔ استاد اس بات کو یقینی بنائیں کہ کلاس میں صرف وہی جملے استعمال کیے جائیں جن سے طالب علم واقف ہوں۔

### اپنی ملکیتی چیزوں کے بارے میں بیان کرنا

استاد اسم صفت کے تصور کو ذہن نشین کروانے کے لیے طلبا کو ان الفاظ سے متعلق مزید سرگرمیوں میں شامل کریں۔ بچوں کو ہدایت کردیجیے کہ اپنے بستے سے دو چیزیں نکالیں اور ہر چیز کو بیان کرتے ہوئے تین الفاظ لکھیں۔ وہ ان الفاظ کی فہرست اپنے دوست کو دکھا سکتے ہیں۔ مثال: کتاب۔ بڑی، موٹی، رنگین؛ بستہ۔ بھاری، سبز، بڑا۔

### کہانی کا وقت

استاد تمام طلبا کو کتاب کا صفحہ 72 دیکھنے کی ہدایت کردیں۔ استاد پہلے طلبا کو تصویر پر غور کرنے کی ہدایت کریں اور پھر پوچھیں کہ تصویر انھیں کیا سوچنے پر مجبور کرتی ہے۔ کچھ بچوں سے جوابات لیجیے۔ استاد کہانی پڑھیں اور اس دوران چہرے کے تاثرات سے بھی کام لیں۔

کہانی پڑھتے ہوئے وقفہ دیجیے اور چند سادہ سوالات پوچھیے۔ مثال کے طور پر:

- آپ کے خیال میں لڑکا بستے کے ساتھ کیا کرے گا؟
- کیا اس نے صحیح کام کیا؟
- کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

طلبا کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ ان سوالوں کے جواب دیں۔

# Our Country

### Unit overview

In this unit, students will get to know things that are related to our country. They will also be introduced to vocabulary regarding their room and classroom.

## Part 1: Suggestions for teaching strategies

### Class discussion about my country

Teacher to ask questions to gauge students' knowledge about Pakistan. If students do not know the answer, teacher will share the answers and students will repeat after her.

- How many provinces are there in Pakistan?

  (Answer: four)
- What are the names of provinces of Pakistan?

  (Answer: Balochistan, Sindh, Punjab, Khyber Pakhtunkhwa)
- What is the national animal of Pakistan?

  (Answer: Markhor)
- What is the national bird of Pakistan?

  (Answer: Chakor)
- What is the national language of Pakistan?

  (Answer: Urdu)

### Picture study–My class

Teacher to share pictures of classrooms with the students. At this point, teacher will reinforce the use of the adjectives students have learnt previously to describe those different classrooms.

### Discussion on safety rules

Before explaining the various signs in the environment, recap the discussion on avoiding danger. Explain the importance of road signs, how to read them, and explain that it is important to follow instructions. Students can be asked to name the road signs they have seen on the roads and discuss what they mean.

# ہمارا ملک

## باب کا مختصر جائزہ

اس باب میں طلبا اپنے وطن سے متعلق مختلف باتیں جانیں گے۔ علاوہ ازیں انھیں ان کے کمرے اور کمرۂ جماعت سے متعلق ذخیرۂ الفاظ سے بھی متعارف کرایا جائے گا۔

## پہلا حصہ: تدریسی حکمت عملیوں کے لیے تجاویز

## میرے ملک کے بارے میں کمرۂ جماعت میں گفتگو

استاد پاکستان کے بارے میں طلبا کی معلومات جانچنے کے لیے ان سے سوالات پوچھیں۔ اگر طلبا کو جواب معلوم نہ ہوتو استاد جواب بتائیں گے اور طلبا ان کے ساتھ ساتھ دہرائیں گے۔

- پاکستان میں کتنے صوبے ہیں؟
  (جواب: چار)
- پاکستان کے صوبوں کے نام کیا ہیں؟
  (جواب: بلوچستان، سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا)
- پاکستان کے قومی جانور کا کیا نام ہے؟
  (جواب: مارخور)
- پاکستان کے قومی پرندے کا نام کیا ہے؟
  (جواب: چکور)
- پاکستان کی قومی زبان کون سی ہے؟
  (جواب: اردو)

## تصویری مطالعہ میری کلاس

استاد طلبا کو کمرہ ہائے جماعت کی تصاویر دکھائیں۔ اس موقع پر استاد مختلف کمرہ ہائے جماعت کو بیان کرنے کے لیے ان اسمائے صفت کا استعمال کرائیں گے جن سے طلبا پہلے واقف ہو چکے ہیں۔

## حفاظتی قوانین (سیفٹی رولز) پر بحث

ماحول میں موجود مختلف علامات کی تشریح کرنے سے قبل، خطرے سے بچاؤ پر کی گئی گفتگو کا اعادہ کرلیجیے۔ سڑک پر نصب علامات کی اہمیت بیان کیجیے، انھیں کیسے پڑھا جائے، اور واضح کیجیے کہ ہدایات پر عمل کرنا اہم ہے۔ طلبا سے کہا جاسکتا ہے کہ سڑک پر نصب علامات کے نام بتائیں جو انھوں نے سڑکوں پر دیکھی ہوں اور ان کے معنی بھی بیان کریں۔

## Section II: Answer Keys

# Unit 3: Beginning Letters/Sounds

## Part 2: Answer key (Pages 26–28)

### Alphabetical order

1. Ali
   Bilal
   Haris
   Junaid
   Munir
   Neha
   Raza
   Sara
   Umair
   Zahid
2. Apple
   Cat
   Hut
   Mango
   Nose
   Pen
   Tree
   Van

# Unit 4: Numbers, Colours, and Shapes

## Part 2: Answer key (Pages 35–40)

## Rainbow

A green leaf
An orange fish
A blue sky
A yellow banana
A pink dress
A red apple
A purple brinjal

### Colour by numbers

1. The clown has <u>two</u> eyes.
2. The clown has <u>one</u> nose.
3. The clown has <u>four</u> balls.

### Articles

I see…
An old man
A bus
A bag
A tree
An eagle
An aeroplane

1. a. <u>An</u> owl is sitting on <u>a</u> tree.
   b. <u>An</u> aeroplane is flying in the sky.
   c. This is <u>an</u> egg.
   d. <u>A</u> boy is eating <u>an</u> apple.
   e. This is <u>an</u> elephant.

# Unit 5: Animals, Birds, Fruits, and Vegetables

## Part 2: Answer key (Pages 45–48)

## Proper nouns and common nouns

2. a. I live in a beautiful city.
   b. My cat is very hungry.
   c. I like to play with my doll.
   d. She has one brother and two sisters.
   e. He listens to the teacher.

**Days and months**

a. Seven
b. (Students will answer it themselves.)
c. (Students will answer it themselves.)
d. (Students will answer it themselves.)
e. proper
f. twelve

**Extra activity: Time of the day**

It is 12 o'clock.
It is 1 o'clock.
It is 3 o'clock.
It is 6 o'clock.

# Unit 6: About Me

## Part 2: Answer key (Pages 50–54)

## My body

These are my <u>eyes</u>.

This is my <u>nose</u>.

These are my <u>hands</u>.

This is my <u>chin</u>.

**This, that / These, those**

<u>This</u> is my ball.

<u>That</u> is your car.

<u>This</u> is my sister.

<u>That</u> is your brother.

<u>These</u> are bats.

<u>Those</u> are hats.

<u>These</u> are books.

<u>Those</u> are balloons.

**Hasan and his friend**

Hasan: I hope you like my house. <u>This</u> is my room and <u>that</u> is my brother's room over there.

Friend: Can we read <u>these</u> books?

Hasan: You can take <u>these</u> books here, but <u>those</u> books over there are my brother's. We can ask him if we want to read his book.

Friend: Where do you keep them?

Hasan: Right here! <u>This</u> shelf is for me. Can you see the shelf over there? <u>That</u> is my brother's shelf. He always keeps it locked.

Friend: Okay, so can I choose any book from <u>this</u> shelf?

Hasan: Yes, sure.

**Verbs**

2. a. We hear with our ears.
   b. We see with our eyes.

c. We smell with our nose.
d. We taste with our tongue.
e. We touch with our hands.

# Unit 7: My World

## Part 2: Answer key (Pages 59–64)

## Masculine / Feminine nouns (Gender)

| Masculine | Feminine |
|---|---|
| Father | Mother |
| Bull | Cow |
| Nephew | Niece |
| Son | Daughter |
| Boy | Girl |
| Brother | Sister |
| Cock | Hen |
| Lion | Lioness |
| Prince | Princess |
| Bridegroom | Bride |
| Tiger | Tigress |
| King | Queen |

### Common gender

1. (Students will come up with their own responses.)
2. a. cow
   b. hen
   c. uncle
   d. princess
   e. lioness

### Pronouns

1. b. He is a businessman.
   c. It is very cute.
   d. We go to a party.
   e. They are not feeling well.

Poem (I, you, they)

1. a. She
   b. He, It
   c. They
   d. We

Verb (be)

1. a. She is reading.
   a. He is playing.
   b. They are eating.
   c. I am climbing.
   d. (Students will give their own responses.)

# Unit 8: Things around Us

## Part 2: Answer key (Pages 67–72)

## Some more practice

Four chocolates
Tall man
Brown teddy bear
Small toy car
Big bag
Colourful flower
Long pencil
Short pencil

**Let us clean our room.**

Nihal: Come Alina, let us clean up our room.
Alina: Alright! I will pick up my things only. You will pick up your things.
Nihal: Hey! This is your car.
Alina: This is my car but that is your doll.
Nihal: Look! Whose pencil is this? I think Fariz forgot it yesterday.
Alina: Oh yes! It is his pencil and what about this bag?
Nihal: Please give that to me. I will give it to Mom. It is her bag.
Mother enters the room.
Mom: Wow! My children are cleaning the room.
Alina: Yes, Mom. See, we found your bag also.
Mom: Oh great! I was searching for it since long.
As you have done a good job, I'm going to make pizza for you today.
Alina: Hurrah! You are the best mom.

**Honesty is the best policy**

1. a. The boy found a big bag full of money lying on the road.
   b. The rich man lived in a beautiful house.
   c. The rich man gave him a gift for his honesty.

# Unit 9: Our Country

## Part 2: Answer key (Page 78)

### Practice

3 three cats

4 four ducks

5 five dogs

6 six plums

8 eight oranges


OXFORD
UNIVERSITY PRESS